سوال

سجدہ تلاوت میں دعا کتنی بار پڑھ سکتے ہیں؟ اگر سجدہ تلاوت کی دعا یاد نہیں تو کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ تلاوت میں ایک بار دعا پڑھنا ضروری ہے، ایک سے زائد بار پڑھنا افضل اور بہتر ہے، یعنی اگر انسان تین بار پڑھ لے، یا چار بار، یا اس سے زائد مرتبہ، تو افضل ہے۔

ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي سُجُودِ الْقُرْآنِ بِاللَّيْلِ يَقُولُ فِي السَّجْدَةِ مِرَارًا سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ (سنن أبي داود، سجود القرآن: 1414)) صحیح)

رسول اللہ ﷺ رات کو سجدہ قرآن میں یہ دعا تکرار سے پڑھا کرتے تھے سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ "میرا چہرہ اس ذات کے لیے سجدہ ریز ہے جس نے اس کو پیدا کیا اور اپنی طاقت اور قوت سے اس کے کان اور آنکھ بنائے۔

جو نماز کے سجدے میں دعائیں کی جا سکتی ہیں، وہی دعائیں سجدہ تلاوت میں بھی کی جا سکتی ہیں۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی